© rasailojaraid.com



ادارہ

# مسافرانِ آخرت

## قاری محمد حنیف جالندھری کی تایازاد بہن کی رحلت

حضرت مولانا حافظ رشید احمدؒ کی صاحبزادی، حضرت مولانا خیر محمد جالندھریؒ کی پوتی، مولانا محمد سعید ابن مولانا عتیق الرحمٰنؒ کی اہلیہ محترمہ، مولانا قاری محمد حنیف جالندھری، مولانا نجم الحق کی تایازاد بہن اور قاری شفیق الرحمٰن جالندھری (مدرس مدرسہ معمورہ دارِ بنی ہاشم ملتان) کی والدہ ماجدہ ۲۶ ربیع الاوّل ۱۴۲۶ھ مطابق ۷ مئی ۲۰۰۵ء جمعۃ المبارک کو دل کا دورہ پڑنے سے داغ مفارقت دے گئیں۔ (اناللہ وانا الیہ راجعون) مرحومہ انتہائی عابدہ، زاہدہ، صابرہ اور شاکرہ خاتون تھیں۔ ان کی نماز جنازہ بعد نماز جمعہ جامعہ خیر المدارس ملتان کے سبزہ زار میں حضرت مولانا مفتی عبدالستار مدظلہ نے پڑھائی۔ انہیں جامعہ سے ملحق خاندانی قبرستان میں سپردخاک کیا گیا۔ نمازِ جنازہ میں علماء کرام، عزیز واقارب نے کثیر تعداد میں شرکت کی اور دینی حلقوں نے اس موقع پر مرحومہ کے اہل خانہ سے اظہارِ تعزیت کیا اور درجات کی بلندی کے لیے دعا کی۔ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اعلیٰ علیین میں جگہ عطا فرمائے۔ (آمین) مرحومہ نے خاوند (حضرت مولانا محمد سعید) اور پانچ بیٹے اور تین بیٹیاں سوگوار چھوڑی ہیں۔

- اہلیہ مرحومہ حضرت مولانا شیخ عبدالحفیظ مکی حفظہ اللہ (صدر انٹرنیشنل ختم نبوت موومنٹ) فیصل آباد
- والدہ مرحومہ حافظ محمد انور صاحب (ساکن چک نمبر ۴۸-۱۲-ایل۔ چیچہ وطنی)
- دفتر احرار چیچہ وطنی کے کمپیوٹر سیکشن کے رمیز الدین احمد کے نانا جان کراچی میں انتقال کر گئے۔
- محمد اسلم مرحوم (فرزند احمد علی صاحب خادم مسجد احرار چناب نگر)
- منشی علی اکبر مرحوم (والد چودھری ارشد مہدی) مرحوم مدرسہ معمورہ ناگڑیاں کے معاون اور حضرت سید عطاء المحسن بخاری رحمہ اللہ کے رفقاء میں سے تھے۔ نمازِ جنازہ حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہ نے ۱۴ اپریل ۲۰۰۵ء کو پڑھائی۔
- عصمت اللہ بھٹی مرحوم: مجلس احرار اسلام فیصل آباد کے قدیم مخلص کارکن

احباب وقارئین سے درخواست ہے کہ تمام مرحومین کے لیے دعائے مغفرت وایصالِ ثواب کا اہتمام فرمائیں اراکین ادارہ تمام مرحومین کے لیے مغفرت اور پسماندگان کے لیے صبر جمیل کی دعائیں کرتے ہیں اور اور اظہارِ ہمدردی کرتے ہیں۔

---

© rasailojaraid.com